HABIBMETRO

HO/CS/18788/2026
March 9, 2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir,

**CLIPPINGS OF NEWSPAPERS**
**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING**

Please find enclosed herewith clippings of Notice of Annual General Meeting published in Business Recorder and Daily Jang on March 9, 2026.

The 34th Annual General Meeting of Habib Metropolitan Bank Limited is scheduled to be held on March 30, 2026. This is for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours truly,

**Mehvish Muneera**
Legal Head & Company Secretary

Encl. As above

BUSINESS RECORDER
Karachi, Monday 9 March 2026,
19 Ramazan 1447

HABIBMETRO

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Thirty-Fourth Annual General Meeting of the shareholders of Habib Metropolitan Bank Ltd. will be held at the ICAP Auditorium, Institute of Chartered Accountants of Pakistan, G-31/8, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi on Monday, March 30, 2026 at 3:00 p.m. to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts, standalone as well as consolidated, of the Bank for the year ended December 31, 2025, together with the Directors' and Auditors' reports thereon.

https://www.habibmetro.com/information-center/financials/

2. To approve, as recommended by the Board of Directors, final dividend @ 45% (Rs 4.50 per share) in the form of cash for the year ended December 31, 2025, in addition to the already paid interim dividend @ 75% (Rs.7.50 per share) in the form of cash for the year ended December 31, 2025.
3. To elect eight(8) directors as fixed by the Board.
4. To appoint Auditors for the financial year ending December 31, 2026, and fix their remuneration. The present Auditors, Messrs. KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants, being eligible, offer themselves for re-appointment.

**SPECIAL BUSINESS**

5. To approve revised remuneration to the directors for attending Board and its Sub-committee meetings.

**ANY OTHER BUSINESS**

6. To consider any other business with the permission of the Chair.

Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017 in respect of Special Business is being sent to the members along with the Notice.

By Order of the Board
**MEHVISH MUNEERA**
Head of Legal & Company Secretary

Karachi: March 9, 2026

**NOTES:**

1. **Election of Directors including statement under Section 166(3) of the Companies Act, 2017**

The number of directors to be elected pursuant to Section 159(1) of the Companies Act, 2017, has been fixed at eight(8). The following are the retiring directors:

Mr. Ali Abbas Sikander, Mr. Hamza Habib, Mr. Mohomed Bashir, Mr. Mohsin A. Nathani, Mr. Mohamedali R. Habib, Mr. Muhammad H. Habib, and Mr. Rashid Ahmed Jafer.

Any shareholder desirous to contest the election of Directors shall file the following with the Company Secretary of the Bank at HabibMetro Head Office, I.I. Chundrigar Road, Karachi, not later than fourteen (14) days before the day of the above said meeting:

a. Intention to offer himself/herself for the election in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017, together with a consent on Appendix to Form-9.

The candidate should also confirm that he/she is:

i. not ineligible to become a director of the Bank under any applicable laws, rules and regulations.

ii. or his/her spouse is not engaged in the business of brokerage or is a sponsor or director or officer of a corporate brokerage house and/or exchange company.

iii. not serving as a director in more than seven listed companies.

b. Fit and Proper Test (FPT) documents as communicated in CGRF by SBP along with other documents as outlined in the standard operating procedures in respect of onboarding assessment for directors.

Independent Directors will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Companies Act, 2017. They shall meet the criteria laid down under Section 166 of the Companies Act, 2017, the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018, and the Corporate Governance Regulatory Framework (CGRF) dated November 22, 2021, issued by the State Bank of Pakistan (SBP).

A detailed profile of the candidate including his/her office address (the same shall be placed on the Bank's website as per requirements of SECP's notification SRO No.1196(I)/2019 dated 3 October 2019).

As required under the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, minority shareholders will be facilitated to contest the election.

2. In terms of the criteria prescribed by SBP, a person shall not be eligible to become a Director of a Bank, if the person:

a. is disqualified/ineligible under Banking Companies Ordinance, 1962, Companies Act, 2017, and other applicable laws, rules and regulations.

b. is in default of payment of dues owed to any financial institution in personal capacity.

| Details of Shareholder | |
|---|---|
| Name of Shareholder | |
| Folio/CDS Account No. | |
| CNIC No. | |
| Cell number of shareholder | |
| Landline number of shareholder, if any | |
| Email Address (Mandatory) | |
| **Details of Bank Account** | |
| Title of Bank Account | |
| International Bank Account Number (IBAN) "Mandatory" | PK ______________ (24 digits) |
| Bank's Name | |
| Branch Name | |
| Branch Address | |

It is stated that the above-mentioned information is correct and in case of any change therein, I / we will immediately intimate Participant/Share Registrar accordingly.

____________________
Signature of Shareholder

9. **Mandatory Submission of CNIC**

Pursuant to the directives of the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), shareholders having shares in physical form are requested to submit a copy of their valid CNIC (if not already provided) to the Bank's Share Registrar without any delay.

10. **Deduction of Withholding Tax from Dividend**

The Government of Pakistan through Finance Act, 2020, has made certain amendments in Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001, whereby different rates have been prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These tax rates are as under:

(a) For filers of income tax returns: 15%
(b) For non-filers of income tax returns: 30%

To enable the Bank to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 30%, all shareholders whose names are not entered in the Active Taxpayers List (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue (FBR), despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into the ATL at the earliest possible (as and when declared), otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 30%.

For shareholders holding their shares jointly as per the clarification issued by the FBR withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal Shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of Principal Shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them, as follows:

| Folio/CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |

In case of non-receipt of above information, the shareholding will be divided among the joint-holders equally.

11. **Unclaimed Shares and Dividends**

As per the provisions of Section 244 of the Companies Act, 2017, any shares issued or dividends declared by the Bank, which remain unclaimed or unpaid for a period of three years from the date they became due and payable shall vest with the Federal Government after compliance of procedures prescribed under the Act. In compliance with the above, the Bank has already sent individual letters to the concerned shareholders requesting them to claim their outstanding cash dividends and/or bonus shares. In this respect and for facilitation of the shareholders, the details of unclaimed shares and dividends can also be accessed from the Bank's website.

Therefore, in view of the above, those shareholders who have not yet collected their pending entitlements are once again advised to lodge their claims with the Bank's Share Registrar at the address given above.

c. is associated as executive director/sponsor director/nominee of the sponsor and/or President & CEO of a proprietary concern, partnership firm, or corporate body excluding public sector organization, which is in default of dues owed to any financial institution.

d. has contravened any of the requirements and standards of SBP or equivalent standards/requirements of other local or foreign regulatory authorities, professional bodies, or government bodies/agencies of such a nature that makes such person's association with the bank/DFI undesirable.

e. is a designated person/proscribed person or is associated directly or indirectly with any designated person/proscribed person.

f. is convicted of or is associated directly or indirectly with any person convicted of any serious offence, including any Money Laundering/Terrorism Financing offence or any predicate offence set out in Schedule I of the Anti-Money Laundering Act, 2010.

It should also be noted that under SBP directives, a person is not permitted to be a director of more than one financial institution except nominee National Investment Trust, and the Directors will not assume the charge of their respective offices until their appointments are approved in writing by SBP

3. **Online Facility for attending Annual General Meeting**

The Bank has made necessary arrangements for shareholders to attend the AGM personally and virtually, therefore, those shareholders who wish to attend the AGM proceedings electronically are requested to get their particulars registered with the Company Secretary by providing the following information through email at agm@habibmetro.com and/or WhatsApp No.: +92-301-1177809 by 5:00 p.m. on March 27, 2026 (Friday):

| S. No. | Name of the Shareholder | CNIC/ Passport # | Folio/CDC Number | Cell Number | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

Link to electronic connectivity will only be sent to the registered shareholders. The login facility will be opened at 2:45 p.m. on March 30, 2026, enabling the shareholders to join the proceedings.

4. A shareholder entitled to attend and vote at this meeting may appoint another shareholder as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. The Proxy Form is enclosed with the Annual Report. A proxy must be a shareholder of the Bank. In order to be effective, proxies must be received at the Registered Office of the Bank, duly stamped, signed and witnessed, not less than forty-eight (48) hours before the meeting.

5. CDC account holders and sub-account holders are required to bring with them their original National Identity Card or Passport along with the participants' ID numbers and their account numbers in order to facilitate identification. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee is also required.

6. Shareholders are requested to notify the change of addresses to the Share Registrar, at the address below:

**CDC Share Registrar Services Limited**
CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 (Pakistan) Tel: 0800-23275, Fax No. (92-21) 34326053, Email: info@cdcsrsl.com, URL: www.cdcsrsl.com

7. The share transfer book of the Bank will remain closed from March 18, 2026 to March 30, 2026 (both days inclusive).

8. **Bank Account Details for Payment of Cash Dividend**

In accordance with Section 242 of the Companies Act, 2017, any cash dividend shall only be paid through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholder. Therefore, please provide the following information to the Bank's Share Registrar (in case of physical shareholders); or CDC Participant (in case of shareholding in book-entry form) along with a copy of your valid CNIC:

12. **Availability of Annual Audited Accounts on Website**

The audited accounts of the Bank for the year ended December 31, 2025, have been made available on the Company's website www.habibmetro.com. Additionally, the annual and quarterly accounts for the prior years and periods are also available.

Further, in accordance with SRO No.389(I)/2023 dated March 21, 2023, the shareholders of Habib Metropolitan Bank Limited at its AGM held on March 30, 2023 had accorded their consent for transmission of annual reports including annual audited accounts and other information contained therein of the Bank through QR enabled code and web-link instead of transmitting the same through CD/DVD/USB. Audited financial statements shall also be provided to those shareholders, who have provided their valid email IDs to our Share Registrar. The shareholders who wish to receive hard copies of the aforesaid documents may send the standard request form available on the Bank's website to the Company Secretary/Share Registrar, and the Bank will provide the aforesaid documents to the shareholders on demand, free of cost, within one week of such demand.

13. **Video Conference Facility**

In terms of the Companies Act, 2017, shareholders residing in a city other than Karachi holding at least 10% of the total paid-up share capital may demand the facility of video-link for participating in the annual general meeting. The request for video-link facility shall be received by the Share Registrar at the address given hereinabove at least seven (7) days prior to the date of the meeting on the standard form available on the Bank's website.

14. **Restriction on Distribution of Gifts**

In accordance with the directive issued by the SECP vide its SRO No.452(I)/2025 dated March 17, 2025, the Bank would like to inform all the shareholders that no gifts will be distributed at the meeting.

15. **Postal Ballot/E-voting**

Shareholders will be allowed to exercise their right to poll in accordance with the requirements of Sections 143 to 145 of the Companies Act, 2017, and the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

16. **Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017, every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the Commission, within a period not exceeding four years from the commencement of this Act. In this respect, the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide its Letter No. CSD/ED/Misc/2016-639-640, dated 26 March 2021, has advised all listed companies to pursue such shareholders still holding shares in physical form, requiring conversion of their shares into book-entry form.

Accordingly, the shareholders having physical shareholding are once again advised to open CDC sub-account with any of the CDC Participants to place their physical shares into book-entry form at their earliest. This will facilitate them in a number of ways, including safe custody and easy sale of shares at the time of need, as the trading of physical shares is not permitted under the existing regulations of the Pakistan Stock Exchange Limited.

17. **Appointment of Scrutinizer**

Under Regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (Regulations), the Board of the Bank has appointed M/s KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants, (a QCR-rated audit firm) to act as the Scrutinizer of the Bank for the election of directors/special business to be transacted in the meeting and to undertake other responsibilities as defined in Regulation 11A of the Regulations.

روزنامہ جنگ کراچی — بانی: میر خلیل الرحمٰن
پیر 19 رمضان المبارک 1447ھ / 9 مارچ 2026ء

# HABIBMETRO

# اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا چوبیسواں سالانہ اجلاس عام بروز پیر ۳۰ مارچ ۲۰۲۶ء سہ پہر ۳:۰۰ بجے بمقام آئی سی اے پی آڈیٹوریم، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان، G-۳۱/۸، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

۱۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بینک کے آڈٹ شدہ حسابات انفرادی نیز مجموعی مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

https://www.habibmetro.com/information-center/financials/

۲۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق حتمی منافع منقسمہ بشرح ۴۵ فیصد (۴٫۵۰ روپے فی شیئر) بشکل نقد کی منظوری جو ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء کے لئے نقد کی صورت میں پہلے سے ادا کئے جانے والے ۷۵ فیصد عبوری منافع منقسمہ (۷٫۵۰ روپے فی شیئر) کے علاوہ ہے۔

۳۔ بورڈ کے تعین کے مطابق ۸ (آٹھ) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

۴۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۶ء کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس، اہل ہونے کی بنا پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کرتے ہیں۔

**خصوصی کارروائی**

۵۔ بورڈ اور اس کی ذیلی کمیٹیوں کے اجلاسوں میں شرکت کیلئے ڈائریکٹرز کے نظرثانی شدہ معاوضے کی منظوری۔

**کوئی دیگر کارروائی**

۶۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی پر غور وخوض۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۳۴ (۳) کے تحت خصوصی کارروائی سے متعلق اسٹیٹمنٹ نوٹس کے ساتھ تمام ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**مہوش منیرا**

ہیڈ آف لیگل اینڈ کمپنی سیکریٹری

کراچی: ۹ مارچ ۲۰۲۶ء

**نوٹ:**

۱۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۶۶ (۳) کے تحت اسٹیٹمنٹ بشمول ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۵۹ (۱) کے مطابق منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد ۸ (آٹھ) مقرر کی گئی ہے درج ذیل ڈائریکٹرز سبکدوش ہورہے ہیں:

جناب علی عباس سکندر، جناب حمزہ حبیب، جناب محمد بشیر، جناب محسن اے۔ ناتھانی، جناب محمد علی آر۔ حبیب، جناب محمد ایچ۔ حبیب اور جناب رشید احمد جعفر۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند کوئی بھی شیئر ہولڈر درج ذیل دستاویزات بینک کے کمپنی سیکریٹری کے پاس حبیب میٹرو ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں مذکورہ بالا اجلاس کے دن سے کم از کم ۱۴ دن قبل جمع کرا سکتا ہے:

اے) کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۵۹ (۳) کے مطابق انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس مع فارم۔۹ کیلئے ضمیمہ۔

اسے درج ذیل امر کی تصدیق بھی کرنا ہوگی:

i) کسی بھی مروجہ قوانین، ضوابط اور قواعد کے تحت بینک کا ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہیں ہے۔

ii) نہ ہی وہ اور نہ ان کی/کا شریک حیات بروکریج کے کاروبار میں مصروف عمل ہے یا کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس اور/یا ایکسچینج کمپنی کا اسپانسر یا ڈائریکٹر یا آفیسر ہے۔

iii) کہ وہ ۷ سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بحیثیت ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا/رہی۔

بی) فِٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ (ایف پی ٹی) دستاویزات جیسا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی جانب سے سی جی آر ایف میں مطلع کیا گیا ہے، کے ساتھ وہ دیگر دستاویزات بھی شامل ہوں گی جو ڈائریکٹرز کی آن بورڈنگ اسیسمنٹ سے متعلق معیاری عملی طریقہ کار میں بیان کی گئی ہیں۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۵۹ کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۶۶، کمپنیز (انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ اور کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک (سی جی آر ایف) مورخہ ۲۲ نومبر ۲۰۲۱ء جاری کردہ منجانب اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) میں درج اہلیت کے معیار پر اُترتے ہیں۔

امیدوار کی ایک فعل پروفائل بشمول ان کے دفتر کا پتہ (ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او ۱۱۹۶ (۱)/۲۰۱۹ مورخہ ۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء کی شرائط کے مطابق بینک کی ویب سائٹ پر موجود پتہ کے مطابق)۔

جیسا کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ میں لازم ہے، اقلیتی شیئر ہولڈرز کو انتخاب لڑنے میں سہولت فراہم کی جائے گی۔

۲۔ ایس بی پی کے مقررہ معیار اہلیت کے مطابق کوئی شخص بینک کا ڈائریکٹر بننے کا اہل نہیں ہوگا اگر وہ شخص:

اے) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲، کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کے تحت نااہل یا ناقابل قرار دیا گیا ہو۔

بی) اپنی ذاتی حیثیت میں کسی بھی مالیاتی ادارے کے واجبات کی ادائیگی میں نادہندہ ہو۔

سی) کسی نجی کاروباری ادارے، شراکت داری فرم یا کارپوریٹ ادارے سوائے سرکاری شعبے کی تنظیم کے، میں بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر/اسپانسر ڈائریکٹر/اسپانسر کے نامزد نمائندے اور/یا صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر وابستہ ہو اور وہ ادارہ کسی مالیاتی ادارے کے واجبات کی ادائیگی میں نادہندہ ہو۔

| شیئر ہولڈرز کی تفصیلات | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر کا نام | |
| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| سی این آئی سی نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا موبائل فون نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر، اگر کوئی ہو | |
| ای میل ایڈریس (لازمی) | |
| **بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات** | |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) ''لازمی'' | PK ____________________ (24 digits) |
| بینک کا نام | |
| برانچ کا نام | |
| برانچ کا پتہ | |

آگاہ کیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا معلومات درست ہیں اور اس میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں ہم فوری طور پر اس بارے میں پارٹیسپنٹ/شیئر رجسٹرار کو آگاہ کردیں گے۔

____________________

شیئر ہولڈر کے دستخط

۹۔ **سی این آئی سی کا لازمی جمع کرانا**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق فزیکل صورت میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے سی این آئی سی کی کارآمد کاپی (اگر پہلے فراہم نہیں کی گئی) بینک کے شیئر رجسٹرار کو بلاتاخیر جمع کرادیں۔

۱۰۔ **منافع منقسمہ سے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی**

حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ ۲۰۲۰ء کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ء کی دفعہ ۱۵۰ میں چند ترامیم کی ہیں جن کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل ہیں:

(اے) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز — ۱۵ فیصد

(بی) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان۔فائلرز — ۳۰ فیصد

بینک کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ۳۰ فیصد کے بجائے ۱۵ فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کا اہل بنانے کے لئے وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر موجود نہیں ہیں، باوجود اس حقیقت کے کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد اے ٹی ایل پر اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں (جیسا کہ اعلان کیا گیا ہے) بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ پر ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

ایف بی آر کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق جوائنٹ ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کے ودہولڈنگ ٹیکس کی تشخیص پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ز) کی ہولڈنگ کے تناسب سے ''فائلر/نان فائلر'' حیثیت کی بنیاد پر جداگانہ ہوگی، لہٰذا وہ تمام شیئر ہولڈرز جو کہ جوائنٹ ہولڈنگ رکھتے ہیں مندرجہ ذیل فارمیٹ میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ز) کی ہولڈنگ کے تناسب سے آگاہ کریں:

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر (ہولڈرز) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

مندرجہ بالا معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں جوائنٹ ہولڈرز کے درمیان منافع منقسمہ مساوی تقسیم کردیا جائے گا۔

۱۱۔ **غیر کلیم شدہ شیئرز اور منافع منقسمہ**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ کی شقوں کے مطابق بینک کی جانب سے اعلان شدہ کوئی بھی جاری کردہ شیئرز یا منافع منقسمہ اگر ان کے واجب الادا اور قابل ادائی ہونے کی تاریخ سے ۳ سال کی مدت کے لئے غیر کلیم شدہ یا غیر اداشدہ رہتا ہے تو وہ ایکٹ کے تحت مروجہ طریقہ کار پر عملدرآمد کے بعد وفاقی حکومت کے پاس جمع کرادیا جائے گا۔ مذکورہ بالا شق پر عمل کرتے ہوئے بینک نے پہلے ہی تمام متعلقہ شیئر ہولڈرز کو انفرادی خطوط ارسال کردیئے تھے جس میں ان سے استدعا کی گئی تھی کہ وہ اپنے واجب الادا نقد منافع منقسمہ اور/یا بونس شیئرز کے سلسلے میں کلیم داخل کردیں، اس سلسلے میں اور شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لئے غیر کلیم شدہ شیئرز اور نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات تک رسائی بھی بینک کی ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

اس سلسلے میں درج بالا کے پیش نظر ان شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے زیر التوا استحقاقات وصول نہیں کیے ہیں ان سے ایک بار پھر درخواست ہے کہ وہ اپنے کلیمز بینک کے شیئر رجسٹرار کو درج بالا میں دیئے گئے پتے پر داخل کردیں۔

ڈی) ایس بی پی کی کسی بھی شرط یا معیار، یا کسی دیگر مقامی یا غیر ملکی ریگولیٹری اتھارٹی، پیشہ ورانہ ادارے یا سرکاری محکمے/ایجنسی کے مساوی معیارات وتقاضوں کی ایسی خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہو جو اس شخص کی بینک/ڈی ایف آئی کے ساتھ وابستگی کو ناموزوں بناتی ہو۔

ای) نامزد/ممنوعہ شخص ہو یا براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کسی نامزد/ممنوعہ شخص سے وابستہ ہو۔

ایف) کسی سنگین جرم میں سزا یافتہ ہو یا براہِ راست یا بالواسطہ طور پر کسی ایسے شخص سے وابستہ ہو جو کسی سنگین جرم، بشمول منی لانڈرنگ/دہشت گردی کی مالی معاونت یا اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ ۲۰۱۰ کے شیڈول ا میں درج کسی بنیادی جرم میں سزا یافتہ ہو۔

مزید یہ کہ ایس بی پی کی ہدایات کے تحت کوئی شخص ایک سے زائد مالیاتی اداروں کا ڈائریکٹر نہیں بن سکتا، سوائے نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے نامزد نمائندے کے، نیز ڈائریکٹرز اپنی تقرریوں کی ایس بی پی کی جانب سے تحریری منظوری حاصل ہونے تک اپنے عہدوں کا چارج سنبھالنے کے مجاز نہیں ہوں گے۔

## ۳۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کیلئے آن لائن سہولت

بینک نے شیئر ہولڈرز کے لئے اے جی ایم میں ذاتی اور ورچوئلی شرکت کے انتظامات کئے ہیں لہٰذا وہ شیئر ہولڈرز جو اے جی ایم کی کارروائیوں میں الیکٹرونکلی شرکت کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری کے پاس درج ذیل معلومات بذریعہ ای میل agm@habibmetro.com اور/یا واٹس ایپ نمبر 92-301-1177809+ پر ۲۷ مارچ ۲۰۲۶ء بروز (جمعہ) شام ۵ بجے تک ارسال کر کے خود کو رجسٹرڈ کرالیں۔

| سیریل نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی/پاسپورٹ نمبر | فولیو/سی ڈی سی نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

الیکٹرونک طریقہ سے منسلک ہونے کے ضمن میں لنک صرف رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جائے گا۔ لاگ اِن کی سہولت ۳۰ مارچ ۲۰۲۶ء کو سہ پہر ۲:۴۵ بجے کھول دی جائے گی تاکہ شیئر ہولڈرز اجلاس کی کارروائیوں میں شرکت کر سکیں۔

۴۔ وہ شیئر ہولڈر جسے اجلاس ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے کسی دوسرے شیئر ہولڈر کو اپنے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کا فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ پراکسی کیلئے بینک کا شیئر ہولڈر ہونا لازمی ہے۔ موثر العمل ہونے کیلئے پراکسیز بینک کے رجسٹرڈ آفس میں باقاعدہ دستخط شدہ، اسٹیمپ شدہ اور گواہوں کے دستخطوں کے ساتھ اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل لازماً موصول ہو جائیں۔

۵۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا اصل کارآمد سی این آئی سی/پاسپورٹ مع پارٹیسپنٹس آئی ڈی نمبرز اور اپنے اکاؤنٹ نمبرز شناخت میں سہولت کیلئے ہمراہ لائیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ شخص کے نمونہ کے دستخط بھی لازم ہیں۔

۶۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ پتوں میں کسی بھی تبدیلی سے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتے پر مطلع کریں:

### سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰ (پاکستان)

فون: 0800-23275، فیکس: 34326053 (21-92)، ای میل: info@cdcsrl.com یو آر ایل: www.cdcsrl.com

۷۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر بک ۱۸ مارچ ۲۰۲۶ء تا ۳۰ مارچ ۲۰۲۶ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہے گی۔

## ۸۔ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ کے مطابق کوئی بھی نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہِ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرایا جائے گا۔ لہٰذا براہِ مہربانی بینک کے شیئر رجسٹرار کو (فزیکل شیئر ہولڈرز ہونے کی صورت میں) درج ذیل معلومات یا سی ڈی سی پارٹیسپنٹ (بک اینٹری فارم میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) اپنے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ فراہم کردیں:

## ۱۲۔ سالانہ آڈٹ شدہ حسابات کی ویب سائٹ پر دستیابی

۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بینک کے سالانہ حسابات بینک کی ویب سائٹ www.habibmetro.com پر دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ گزشتہ سالوں اور مدتوں کے سالانہ اور سہ ماہی حسابات بھی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

اس سلسلے میں مزید براں آگاہ کیا جاتا ہے کہ ایس آر او نمبر ۳۸۹(۱)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے مطابق حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز اے جی ایم منعقدہ ۳۰ مارچ ۲۰۲۳ء میں سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ حسابات اور بینک کے حوالے سے شامل دیگر معلومات کی ترسیل سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے بجائے QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے فراہم کرنے کی اجازت دے چکے ہیں۔ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بھی اِن شیئر ہولڈرز کو فراہم کردیے گئے ہیں جنہوں نے اپنی کارآمد ای میل آئی ڈیز ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردی تھی۔ وہ شیئر ہولڈرز جو مذکورہ دستاویزات کی ہارڈ کاپیاں وصول کرنے کے بھی خواہشمند ہوں، وہ کمپنی سیکریٹری/شیئر رجسٹرار کو بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر اس کیلئے آگاہ کر سکتے ہیں اور بینک مذکورہ دستاویزات شیئر ہولڈرز کو ایسی ڈیمانڈ کے ایک ہفتے کے اندر بلا قیمت فراہم کردے گا۔

## ۱۳۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی شرائط کے تحت کراچی کے علاوہ کسی دیگر شہر میں مقیم وہ شیئر ہولڈرز جو کل ادا کردہ شیئر کیپٹل کے کم از کم ۱۰ فیصد کے حامل ہوں، وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے وڈیو لنک کی سہولت کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ وڈیو لنک کی سہولت کے لئے درخواست شیئر رجسٹرار کو درج بالا پتے پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم ۷ دن قبل بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ فارم پر موصول ہو جانی چاہیئے۔

## ۱۴۔ تحائف کی تقسیم پر پابندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۵ء کو جاری کردہ ایس آر او ۴۵۲(۱)/۲۰۲۵ کے مطابق، بینک تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کرتا ہے کہ اجلاس میں کسی قسم کے تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

## ۱۵۔ پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ

شیئر ہولڈرز کو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعات ۱۴۳ تا ۱۴۵ اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے تقاضوں کے مطابق پول کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

## ۱۶۔ فزیکل شیئرز کی بک اینٹری فارم میں منتقلی

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق ہر ایک موجودہ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو اس ایکٹ کے آغاز سے زیادہ سے زیادہ ۴ سال کی مدت کے اندر بک اینٹری کی صورت میں اس طرح سے تبدیل کرے جیسا کہ کمیشن کی جانب مشتہرہ تاریخ اور طریقہ کار وضع کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ء کے تحت ہدایت کی ہے کہ وہ ایسے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کریں جو ابھی تک فزیکل صورت میں ہولڈنگ کے حامل ہیں اور ان کو ہدایت کی جائے کہ وہ اپنے شیئرز کو بک اینٹری کی صورت میں تبدیل کرالیں۔

اس کے مطابق فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر آگاہ کیا جاتا ہے کہ کسی بھی سی ڈی سی پارٹیسپنٹ کے پاس سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولیں اور اپنے فزیکل شیئرز کو فوری طور پر بک اینٹری کی صورت میں تبدیل کرائیں، اس طریقے سے انہیں متعدد طریقوں سے سہولت بشمول شیئرز کی محفوظ تحویل اور ضرورت کے وقت شیئرز کی باآسانی فروخت میں مدد مل سکے گی جیسا کہ فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ قوانین کے تحت ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

## ۱۷۔ اسکروٹنائزر کی تقرری

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے ریگولیشن 11 (ریگولیشنز) کے تحت، بینک کے بورڈ نے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (کیو سی آر ریٹڈ آڈٹ فرم) کو اجلاس کے دوران انجام دیے جانے والے ڈائریکٹرز کے انتخاب/خصوصی کاروبار کے انعقاد کیلئے بینک کا اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے، جو ریگولیشن 11A میں بیان کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی سرانجام دیں گے۔